مقالہ نگار: محمد مسیح اللہ

نگراں: ڈاکٹر محمد مشتاق

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

ای میل:masihullah.alig@gmail.com

عنوان: برصغیر ہند کا اسلامی منظر نامہ تاریخی مآخذ کے حوالے سے

کلیدی الفاظ: برصغیر، اسلام کی آمد، سماجی بدلاؤ، علماء، صوفیاء، تنقیدی وتجزیاتی مطالعہ

تلخیص

''برصغیر ہند کا اسلامی منظر نامہ: تاریخی ماخذ کے حوالے سے'' کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کے آنے سے اس ملک میں جو سیاسی، ثقافتی، علمی اور مذہبی تبدیلیاں رونما ہوئیں اس مقالے میں ان کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ مطالعہ کا طریقہ یہ ہے کہ ہم نے پہلے مسلمانوں کی آمد کے وقت ہندوستان کی صورت حال کا ایک جائزہ پیش کیا ہے، تا کہ یہ واضح رہے کہ ہم جو مطالعہ کر رہے ہیں وہ ایک تقابلی نوعیت کا ہے اور ہندوستان میں بھی اس وقت کافی ترقی تھی اور سماج، قانون اور مذہب کے اصول تھے، مسلمانوں کے آنے کے بعد اس ملک میں ہر سطح پر تبدیلیاں رونما ہوئیں، اور ان تبدیلیوں کا عمل جو فوری ردعمل نہیں تھا بلکہ بتدریج اس میں نئے نئے پہلو آتے رہے اخذ واستفادہ بھی ہوتا رہا اور اس میں مسلمانوں نے یہاں کی روایات سے استفادہ کیا۔ اس اخذ واستفادہ کے نتیجے میں ہندوستان کا جدید معاشرہ وجود میں آیا۔

زیر نظر مقالے میں صرف اس پہلو کا جائزہ لیا ہے کہ ہندوستان پر اسلام کے کیا اثرات مرتب ہوئے اور اس کا تاریخی تناظر میں جائزہ لیا ہے۔ دہلی سلطنت اور مغل عہد کی تبدیلیوں کا جائزہ لیا ہے اور اس ضمن میں ہندوستان میں تصوف کا ارتقا خصوصی اہمیت کا حامل ہے چوں کہ بادشاہوں کے بعد اس معاشرہ کو سب سے زیادہ صوفیہ نے متاثر کیا ہے۔ اور یہ تاثر بہت گہرا ہے، صوفیہ کے علاوہ علماء کا بھی اس میدان میں خصوصی کردار ہے۔ چوں کہ ہندوستانی معاشرے کی تشکیل میں عملی حصہ علماء

کا ہے ان کے فتاوی کی روشنی میں لوگوں نے وہ راستے تلاش کیے جن کے مطابق ایک سے زائد مذاہب کے ماننے ایک ساتھ زیادہ بہتر طریقے پر رہ سکیں۔

اپنی بات کو ثابت کرنے کے لیے ہم نے بنیادی تاریخی ماخذ پر اعتماد کیا ہے اور عہد وسطی کی تاریخ پر لکھی گئی ثانوی ماخذ سے بھی خوب استفادہ کیا ہے، اس کے ساتھ سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ ہم نے مسلمانوں کے ذریعے بنائی گئی عمارتوں کو بطور دلیل پیش کیا ہے چونکہ وہ بھی اس عہد کے چشم دید گواہ ہیں اور ان کے فن تعمیر میں بہت سے اسرار پنہاں ہیں۔

مقالے کی ترتیب اس طرح ہے:

۱۔ مقدمہ

۲۔ باب اول: ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد کے مختلف مراحل

۳۔ باب دوم: ہندوستانی سماج میں اسلامی تہذیب وتمدن کے نقوش

۴۔ باب سوم: ہندوستان میں اسلامی آثار

۵۔ باب چہارم: ہندوستان کے کثیر مذہبی معاشرہ کی تعمیر میں مسلمانوں کا حصہ

۶۔ خلاصہ

۷۔ کتابیات